# 11139 ـ سود اور جوا سے خرید کردہ والد کے گھر میں رہائش رکھنا

**سوال**

جس گھر میں اور میرے گھر والے رہ رہے ہیں وہ والد صاحب نے بنك اور انشورنس كمپنی ميں شراکت کے ذریعہ خریدا تھا ( یعنی یہ گھر حرام کمائی سے حاصل کردہ ہے ) کیا میں اس گھر میں رہ سکتا ہوں ؟
اگر جواب نفی میں ہو تو کیا میرے لیے جائز ہے کہ میں رہائش کے بدلے معقول کرایہ ادا کرتا رہوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو اس رہائش اور گھر سے علیحدہ اور مستغنی ہو سکتے ہیں تو یہ بہتر اور اولی ہے، وگرنہ اس سے فائدہ حاصل کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور اس کا کرایہ وغیرہ ادا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے.

اور آپ کو چاہیے کہ اپنے والد محترم کو اس برائی سے نکلنے اور ترك كرنے کی نصیحت کریں، اور انہیں کہیں کہ خبیث اور اس طرح کی حرام کمائی سے دور ہی رہیں .